## سوال

لفظ مکروہ سے کیا مقصود ہے، اور حرام اور مکروہ میں کیا فرق ہے ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

لغت میں مکروہ محبوب کی ضد اور مخالف کو کہتے ہیں

اور اصطلاح میں :

شارع جسے بغیر جزم یعنی قطعی ترک کرنا طلب کرے، اور اس کی تعریف اس طرح بھی ممکن ہے : جس کے کرنے پر سزا نہ ہو اور بطور اطاعت ترک کرنے پر ثواب ہو

حرام لغت میں ممنوع کو کہتے ہیں

اور اصطلاح میں حرام وہ ہے جو شارع قطعی طور پر ترک کرنا طلب کیا ہو، اور حرام حلال کی ضد ہے، جب بندہ بطور اطاعت حرام سے اجتناب کرے تو اسے اس پر ثواب ملے گا، نہ کہ وہ خوف یا حیاء یا حرام سے عاجز ہونے کی بنا پر چھوڑا گیا ہو اگر ایسا ہو تو اس پر ثواب نہیں

اسلام سوال و جواب

9084